سید ابوبکر غزنوی صاحب نے تعلیمات اسلامی کی نشر و اشاعت کا یہ مفید سلسلہ شروع کیا ہے۔ ان کتابچوں میں وہ بڑے سادہ دل نشین اور مختصر انداز میں دین کے کسی ایک پہلو کی وضاحت فرماتے ہیں۔ وہ چونکہ قدیم اور جدید علوم سے گہری واقفیت رکھنے کے علاوہ تصوف سے بھی گہرا شغف رکھتے ہیں اس لیے ان کی تحریروں اور تقریروں میں مختلف طبقوں کے لیے دلکشی ہے۔ خدا کرے کہ وہ اس سلسلے کو جاری رکھیں۔

ان کتابچوں کا معیارِ طباعت اچھا ہے۔

CONFLICT BETWEEN SOCIALISM and ISLAM

اشتراکیت اور اسلام کے مابین تصادم

مصنف: جناب چودھری محمد اکبر صاحب مرادپوری۔
ملنے کا پتہ: اسلامک پبلیکیشنز۔ شاہ عالم مارکیٹ، لاہور
قیمت: چار روپے۔ صفحات ۱۲۵۔

اس وقت پاکستان میں بلکہ پوری دنیا میں اسلام اور اشتراکیت کے مابین جو کشمکش جاری ہے اس کی نوعیت کو سمجھنے کے لیے فاضل مصنف نے یہ کتاب مرتب کی ہے۔ مصنف کا تجزیہ بڑا فکر انگیز اور عالمانہ ہے اور انہوں نے اس تصادم سے پیدا شدہ مسائل کو بڑے سہل انداز میں پیش کر کے ان کا نہایت اچھے تلے انداز میں محاکمہ کیا ہے۔

معیارِ طباعت اچھا ہے۔

برِصغیر پاک و ہند میں اسلامی نظام کی عدل گستری

تالیف: پروفیسر محمد عبدالحفیظ صدیقی صاحب۔ شائع کردہ: ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد۔ قیمت ساڑھے پانچ روپے۔ صفحات ۲۱۷۔

زیرِ تبصرہ کتاب تحقیق و تجسس کی ایک اچھی مثال ہے۔ کتاب کے عنوان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ پاک و ہند میں مسلمانوں کے عہدِ حکمرانی میں نظامِ قضاۃ سے بحث کرتی ہے۔ اس کا احاطہ بڑا وسیع ہے۔ مصنف نے مندرجۂ بالا موضوع پر بحث کرنے کے ساتھ ساتھ اسے اسلام کے نظامِ عدل کے